
3
نظمیں

ایک کوّا پیاسا

ایک کوّا پیاسا تھا
مٹکے میں تھوڑا پانی تھا
کوّے نے ڈالا کنکر
پانی آیا اوپر
کوّے نے پیا پانی
ختم ہوئی کہانی



بِلّی

بِلّی میں نے پالی ہے
سَر سے دُم تک کالی ہے
آنکھیں کیا چمکتی ہیں
کیسی پیلی پیلی ہیں
بِستر پہ چڑھ آتی ہے
ساتھ میرے سو جاتی ہے
جب میں اس کو پاس بلاؤں
دھیرے سے کہتی ہے میاؤں



تِتلی

تتلی کی ہے شان نرالی
آدھی پیلی آدھی کالی
ریشم جیسے پَر ہیں اس کے
اور پھولوں کے گھر ہیں اس کے
روزانہ باغوں میں گھومے
ہر پودے ہر پھول کو چُومے
پکڑیں بھی تو ہاتھ نہ آئے
پَر ٹوٹیں فوراً مر جائے

رنگوں کی شہزادی ہے
پودوں پر سو جاتی ہے
دیکھیں تو جی خوش ہوتا ہے
اُڑ جائے تو دل روتا ہے




چندا ماموں

چندا ماموں دُور کے
بڑے پکائیں بُور کے
آپ کھائیں تھالی میں
منّے کو دیں پیالی میں
تھالی گئی ٹوٹ
چندا ماموں گئے روٹھ
تھالی آئی اور
چندا ماموں آئے دوڑ



بندر

ڈگ ڈگ ڈگ ڈگ کرتا آیا
بندر والا آیا
بندر کے پیچھے ایک بندریا
پہنے ہوئے ہے لال گھگریا
رکھ کر جھولا اُٹھ کر بولا
ناچو بیٹا ناچو بیٹا
یہ سُن کے بندر نے اپنا جسم سمیٹا
گردن اور کولہے مٹکا کر
تِھرک تِھرک کر ناچ دِکھایا
اور بچّوں کا دل بہلایا



سبزیاں

ہری بھری ہیں سبزیاں
ہر موسم کی ہیں سبزیاں
سردی میں ہے آلو اور ٹماٹر
مولی بھی ہے گاجر بھی ہے

گوبھی ہے پالک بھی ہے
بینگن اُودے اُودے ہیں
ٹنڈے پیلے پیلے ہیں
ہری بھری ہیں سبزیاں
ہر موسم کی ہیں سبزیاں



اس سلسلے کی دیگر کتب









CP ©

CHILDREN PUBLICATIONS®

14, Tariq Plaza, Nazimabad #4, Karachi, Pakistan.
Ph: 36623489, Fax: 36608879. Cell: 03009292426
E-mail: childrenpublications786@gmail.com

CHILDREN'S BOOK FAIR.

REF: NAZMAIN 3 - 789 - 92

Rs. 40/=